CODE : 74

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

بی اے۔،ایل ایل۔بی(آنرس۔)انٹرنس ٹسٹ - مئی 2026

**BA., LL.B (Hons.) Entrance Test – May 2026**

**Question Paper Booklet** کتابچہ پرچہ سوالات

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**وقت: دو گھنٹے** نمبرات:100

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1.امیدوار ہر حال میں اپنا OMR نمبر اور رول نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر اپنا لکھا نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2.یہ پرچہ سوالات کل 40 صفحات پر مشتمل ہے، اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے تبدیل کروالیں۔

3.اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4.امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرہ نہ گہرا کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5.اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6.غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7.انٹرنس ٹیسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچے سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں

* * *

CODE : 74

## (English) انگریزی

1. The author's ironic tone is best identified when the statement:
   - (A) Appears to praise but subtly criticizes
   - (B) Directly criticizes the subject
   - (C) Uses exaggerated emotional appeal
   - (D) Avoids judgment entirely

2. Choose the most appropriate word:

   The committee's decision was ______, leaving little scope for reinterpretation.

   - (A) Arbitrary
   - (B) Unequivocal
   - (C) Tentative
   - (D) ambiguous

3. Which sentence demonstrates correct parallel structure?
   - (A) She likes reading, to swim, and cycling
   - (B) She likes to read, swimming, and cycling
   - (C) She likes reading, swimming, and cycling
   - (D) She likes to read, swim, and cycling

4. Identify the sentence with correct inversion:
   - (A) Rarely he goes there
   - (B) He rarely goes there
   - (C) Rarely goes he there
   - (D) Rarely does he go there

5. Choose the correct reported speech:

   He said, "I will have completed the task by tomorrow."

   - (A) He said he will complete the task
   - (B) He said he would have completed the task by the next day
   - (C) He says he would complete the task
   - (D) He said he completed the task

6. Choose the grammatically correct sentence:

(A) Neither of the boys have done their work

(B) Neither of the boys has done his work

(C) Neither of the boys have done his work

(D) Neither boys has done their work

7. Choose the correct preposition:

He is adept _______ solving complex legal issues.

(A) At (B) In

(C) With (D) For

8. The rhetorical device in “A thing of beauty is a joy forever” is:

(A) Irony (B) Aphorism

(C) Hyperbole (D) Alliteration

9. Identify the correctly punctuated sentence:

(A) Its a beautiful day (B) It’s a beautiful day

(C) Its’ a beautiful day (D) Its is a beautiful day

10. Identify the figure of speech: “Time is a thief.”

(A) Simile (B) Personification

(C) Metaphor (D) Irony

11. Choose the correct sentence:

(A) Each of the players have arrived

(B) Each of the players has arrived

(C) Each of players have arrived

(D) Each players has arrived

12. Choose the correct passive voice:

They are building a house.

(A) A house is built
(B) A house is being built
(C) A house was built
(D) A house has been built

13. Choose the correct option:

Scarcely had he entered ______ the phone rang.

(A) Than
(B) When
(C) Then
(D) after

14. Identify correct usage:

(A) Between you and I
(B) Between you and me
(C) Between I and you
(D) Between me and I

15. Identify the correct sentence:

(A) He is senior than me
(B) He is senior to me
(C) He is senior from me
(D) He is senior over me

16. Choose correct tense:

By next year, she ______ her degree.

(A) Completes
(B) will complete
(C) will have completed
(D) completed

17. Identify the sentence with correct agreement:

(A) A number of students is present
(B) A number of students are present
(C) The number of students are present
(D) The number of students have present

CODE : 74

18. Choose correct word:

He gave a ______ explanation.

(A) Satisfy (B) Satisfaction
(C) Satisfactory (D) satisfied

19. Identify correct option:

He is capable ______ doing it.

(A) to (B) of
(C) for (D) with

20. Identify correct idiom meaning:

"Hit the nail on the head"

(A) Miss the point (B) Exact answer
(C) Make error (D) Avoid truth

## عمومی معلومات (General Knowledge)

21. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کس وائس چانسلر کو پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا ہے؟

(A) پروفیسر۔ محمد شمیم جیراجپوری (B) پروفیسر۔ محمد میاں
(C) پروفیسر۔ سید عین الحسن (D) پروفیسر۔ عبدالجلیل خان ایم۔ پٹھان

22. بار کونسل آف انڈیا کی جانب سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں مانو لاء اسکول کے قیام کی منظوری اور بعد ازاں اس کا نوٹیفکیشن کب جاری کیا گیا:

(A) 16 جون 2024 کو منظوری اور 17 جون 2024 کو نوٹیفائی کیا گیا
(B) 16 جولائی 2021 کو منظوری اور 17 جولائی 2021 کو نوٹیفائی کیا گیا
(C) 16 مئی 2023 کو منظوری اور 17 مئی 2023 کو نوٹیفائی کیا گیا
(D) 11 اپریل 2022 کو منظوری اور 12 مئی 2022 کو نوٹیفائی کیا گیا

CODE : 74

23. بھارتی آئین کا کون سا شیڈول قانون انسدادِ انحراف (Anti-Defection Law) سے متعلق ہے؟

(A) ساتواں شیڈول
(B) نواں شیڈول
(C) دسواں شیڈول
(D) گیارھواں شیڈول

24. "ایل نینو" (El Niño) کا مظہر کس کو متاثر کرتا ہے:

(A) بحر اوقیانوس کی رویئیں
(B) بحر الکاہل کا درجہء حرارت
(C) قطبی ہوائیں
(D) صرف براہِ راست بھارتی۔مانسون

25. وارسا کے معاہدہء (Treaty of Versailles) پر کس کے بعد دستخط کیے گئے۔

(A) دوسری عالمی جنگ
(B) سرد جنگ
(C) پہلی عالمی جنگ
(D) کریمیا کی جنگ

26. "مالیاتی خسارہ" (Fiscal deficit) سے مراد ہے:

(A) مجموعی آمدنی منہا مجموعی اخراجات
(B) کل اخراجات منہا کل وصولی (ادھار کو چھوڑ کر)
(C) ادھار منہا آمدنی
(D) ٹیکس آمدنی کا خسارہ

27. مندرجہ ذیل میں سے کون سا بنیادی حق نہیں ہے؟

(A) حقِ ملکیت
(B) حقِ مساوات
(C) حقِ آزادی
(D) آئینی چارہ جوئی کا حق

28. خام تیل کا سب سے بڑا پیداوار ملک کون سا ہے؟

(A) امریکہ
(B) روس
(C) سعودی عرب
(D) ایران

29. بھارتی آئین میں ریاستی پالیسی کے رہنما اصول ( DPSP ) کی ترغیب کہاں سے لی گئی ہے:

(A) آئرلینڈ (B) امریکہ

(C) برطانیہ (D) فرانس

30. زمین کے ماحول میں سب سے زیادہ پائی جانے والی گیس کون سی ہے ؟

(A) نائٹروجن (B) آکسیجن

(C) کاربن ڈائی آکسائیڈ (D) آرگون

31. کون سی دفعہ ایمرجنسی کے ضوابط سے متعلق ہے ؟

(A) 352 (B) 356

(C) 360 (D) مذکورہ تمام

32. آئی ایم ایف کا صدر دفتر کہاں ہے:

(A) جنیوا (B) واشنگٹن ڈی سی

(C) نیویارک (D) لندن

33. "غیر وابستہ تحریک" کا باقاعدہ قیام کب ہوا:

(A) بانڈونگ کانفرنس (B) بلغراد چوٹی کانفرنس

(C) جنیوا کنونشن (D) پیرس معاہدہ

34. ہندوستان کی کس ریاست کی ساحلی پٹی سب سے لمبی ہے ؟

(A) تمل ناڈو (B) گجرات

(C) مہاراشٹر (D) آندھرا پردیش

35. "ریپوریٹ"(**repo rate**)کی اصطلاح کس سے متعلق ہے:

(A) تجارتی بینک
(B) آربی آئی کی قرض دینے کی شرح
(C) افراطِ زرکا اشاریہ
(D) اسٹاک مارکیٹ

36. کس سیارے کے سب سے زیادہ چاند ہیں؟

(A) مشتری
(B) نیپچون
(C) یورینس
(D) زحل

37. کون سی بنیادی ذمہ داری (**fundamental duty**)بعد میں شامل کی گئی؟

(A) ماحول کاتحفظ
(B) آئین کااحترام
(C) عوامی املاک کاتحفظ
(D) ہم آہنگی کو فروغ دینا

38. زمین کی کون سی تہہ پگھلی ہوئی ہے؟

(A) قشر
(B) لیتھوسفیئر
(C) اندرونی مرکز
(D) مینٹل

39. حرکت کاکون سا قانون جمود کی وضاحت کرتا ہے؟

(A) پہلا قانون
(B) دوسرا قانون
(C) تیسرا قانون
(D) چوتھا قانون

40. "گرین جی ڈی پی"(**Green GDP**)کاتصور کس سے متعلق ہے:

(A) صنعتی پیداوار
(B) ماحولیاتی لاگت کاحساب
(C) ٹیکس اصلاحات
(D) زرعی پیداوار

CODE : 74

41. "بلیو اکانومی" (**Blue Economy**) کی اصطلاح سے کیا مراد ہے:

(A) آبی وسائل کی معیشت
(B) صرف ماہی گیری
(C) سمندر پر مبنی پائیدار ترقی
(D) صرف بحری تجارت

42. بین الاقوامی عدالتِ انصاف کہاں واقع ہے:

(A) جنیوا
(B) پیرس
(C) دی ہیگ
(D) ویانا

43. "اسٹیگ فلیشن" (**stagflation**) کا مطلب کیا ہے:

(A) زیادہ ترقی + افراطِ زر
(B) کم ترقی + زیادہ افراطِ زر
(C) زیادہ روزگار + افراطِ زر
(D) کساد بازاری + ترقی

44. کون سا ملک G7 کا حصہ نہیں ہے؟

(A) بھارت
(B) امریکہ
(C) جرمنی
(D) جاپان

45. کس شیڈول میں یونین، ریاست اور مشترکہ فہرستیں (**Concurrent lists**) درج ہیں؟

(A) پانچواں
(B) چھٹا
(C) ساتواں
(D) آٹھواں

46. "آبادیاتی منافع" (**demographic dividend**) سے کیا مراد ہے:

(A) عمر رسیدہ آبادی
(B) نوجوان آبادی کا فائدہ
(C) ہجرت
(D) شہر کاری

47. "میک اِن انڈیا"(**Make in India**) کی مہم کس سے متعلق ہے:

(A) زراعت
(B) مینوفیکچرنگ
(C) تعلیم
(D) صحت

48. WTO کا صدر دفتر کہاں ہے:

(A) جنیوا
(B) نیویارک
(C) پیرس
(D) برسلز

49. "انٹرنیٹ" کس پر کام کرتا ہے:

(A) TCP/IP
(B) صرف HTTP
(C) HTML
(D) FTP

50. "AI" کا مطلب کیا ہے:

(A) Automated Intelligence
(B) Artificial Intelligence
(C) Applied Intelligence
(D) Advanced Integration

## قانونی استدلال (Legal Reasoning)

**(اس حصے میں قانونی اصول بتاکر حقائق پیش کئے گئے ہیں، انہی کی روشنی میں صحیح جواب منتخب کریں۔)**

51. **اصول:** اگر کوئی شخص مناسب احتیاط برتنے میں ناکام ہو تو وہ غفلت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔
**حقائق:** ایک ڈرائیور میسج کرتے ہوئے گاڑی چلا رہا تھا، زیبرا کراسنگ پر سڑک پار کرنے والے پیدل شخص کو ٹکر مار دیتا ہے۔

(A) ڈرائیور ذمہ دار نہیں (پیدل شخص لاپرواہ ہے)
(B) ڈرائیور غفلت کا ذمہ دار
(C) دونوں برابر ذمہ دار
(D) کسی کی ذمہ داری نہیں

52. **اصول:** رضامندی ٹارٹ (Tort) میں ایک درست دفاع ہے۔
**حقائق:** A ، رضاکارانہ طور پر ایک خطرناک کھیل میں حصہ لیتا ہے اور زخمی ہو جاتا ہے۔
(A) منتظم ذمہ دار (B) رضامندی کی وجہ سے کوئی ذمہ داری نہیں
(C) سخت ذمہ داری لاگو ہوتی ہے (D) فوجداری ذمہ داری

53. **اصول:** پیشکش سے آگاہ کیا جانا ضروری ہے۔
**حقائق:** A ، سامان فروخت کرنے کی پیشکش کرتے ہوئے خط لکھتا ہے، لیکن B اسے موصول ہونے سے پہلے قبول کر لیتا ہے۔
(A) درست معاہدہ (B) باطل معاہدہ
(C) کوئی معاہدہ نہیں (D) قابلِ فسخ معاہدہ

54. **اصول:** چوری کے لیے بددیانتی کی نیت ضروری ہے۔
**حقائق:** A ، B کی کتاب یہ سمجھ کر لے لیتا ہے کہ یہ اسی کی ہے۔
(A) چوری (B) چوری کی کوشش
(C) دیوانی غلطی (D) کوئی جرم نہیں

55. **اصول:** ہتکِ عزت کے لیے اشاعت ضروری ہے۔
**حقائق:** A ، ایک ہتک آمیز خط لکھتا ہے لیکن کسی کو بھیجتا نہیں۔
(A) ہتکِ عزت (B) ہتکِ عزت نہیں
(C) کوشش (D) مجرمانہ دھمکی

56. **اصول:** عوض (Consideration) کا قانونی ہونا ضروری ہے۔
**حقائق:** A ، B کو غیر قانونی کام کے لیے رقم دینے کا وعدہ کرتا ہے۔
(A) درست معاہدہ (B) باطل معاہدہ
(C) غیر قانونی معاہدہ (D) قابلِ فسخ معاہدہ

57. **اصول:** کوئی نابالغ ایک درست معاہدہ نہیں کر سکتا۔

**حقائق:** ایک نابالغ رقم ادھار لیتا ہے اور واپس کرنے سے انکار کر دیتا ہے۔

(A) ذمہ دار (B) ذمہ دار نہیں

(C) جزوی ذمہ دار (D) فوجداری ذمہ داری

58. **اصول:** خطرناک سرگرمیوں کے لیے سخت ذمہ داری (Strict liability) لاگو ہوتی ہے۔

**حقائق:** ایک فیکٹری سے گیس خارج ہوتی ہے جس سے رہائشی متاثر ہوتے ہیں۔

(A) کوئی ذمہ داری نہیں (B) صرف غفلت

(C) مطلق ذمہ داری (D) سخت ذمہ داری

59. **اصول:** اگر کوئی شخص دوسروں کی لطف اندوزی میں مداخلت کرے تو وہ ایذارسانی (nuisance) کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

**حقائق:** A ، روزانہ آدھی رات کو اونچی آواز میں موسیقی بجاتا ہے۔

(A) نجی ایذارسانی (B) کوئی ایذارسانی نہیں

(C) عوامی ایذارسانی (D) دونوں

60. **اصول:** فیکٹ کی غلطی (Mistake of fact) ایک دفاع ہے۔

**حقائق:** B ، A کو اس کی مشابہت کی وجہ سے مجرم سمجھ کر گرفتار کرتا ہے۔

(A) درست دفاع (B) کوئی دفاع نہیں

(C) فوجداری ذمہ داری (D) صرف دیوانی ذمہ داری

61. **اصول:** اگر نشہ غیر ارادی ہو تو یہ دفاع ہے۔

**حقائق:** A ، نادانستہ طور پر شراب پیتا ہے اور کسی عمل کا ارتکاب کرتا ہے۔

(A) ذمہ دار ہو گا (B) ذمہ دار نہیں ہو گا

(C) سخت ذمہ داری ہو گی (D) مطلق ذمہ داری ہو گی

CODE : 74

62. **اصول:** تعدی (Battery) کے لیے جسمانی رابطہ ضروری ہے۔

**حقائق:** A ، B پر پانی پھینکتا ہے۔

(A) کوئی جرم نہیں (B) حملہ

(C) بیٹری (Battery) (D) ہتکِ عزت

63. **اصول:** تجاوز (Trespass) غیر قانونی داخلہ ہے۔

**حقائق:** A ، کسی کی زمین میں عوامی ملکیت سمجھ کر داخل ہوتا ہے۔

(A) تجاوز (B) کوئی تجاوز نہیں

(C) فوجداری جرم (D) صرف دیوانی غلطی

64. **اصول:** ہتکِ عزت شہرت کا تحفظ کرتی ہے۔

**حقائق:** A ، جھوٹی افواہیں پھیلاتا ہے جو B کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

(A) کوئی ذمہ داری نہیں (B) ہتکِ عزت

(C) غفلت (D) فراڈ

65. **اصول:** ضرورت بڑے نقصان کو روکنے کے لیے چھوٹے نقصان کو جائز بناتی ہے۔

**حقائق:** A ، آگ سے بچے کو بچانے کے لیے دروازہ توڑتا ہے۔

(A) ذمہ دار ہو گا (B) ذمہ دار نہیں ہو گا

(C) فوجداری جرم ہو گا (D) تعدی (Tort) ہو گا

66. **اصول:** دھوکہ (fraud) معاہدہ کو قابلِ فسخ بناتا ہے۔

**حقائق:** A ، خراب سامان بیچنے کے لیے جھوٹ بولتا ہے۔

(A) درست (B) باطل

(C) قابلِ فسخ (D) غیر قانونی

CODE : 74

67. **اصول:** عوض تیسرے فریق سے بھی آسکتا ہے۔

**حقائق:** C ، B کے حق میں A کے وعدے کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔

(A) غیر درست
(B) غیر قانونی
(C) باطل
(D) درست

68. **اصول:** خود کا دفاع متناسب ہونا چاہیے۔

**حقائق:** A ، معمولی دھمکی پر B کو قتل کر دیتا ہے۔

(A) جائز
(B) کوئی جرم نہیں
(C) دیوانی غلطی
(D) ناجائز

69. **اصول:** معاہدہ (Contract) کے لیے قانونی تعلق قائم کرنے کی نیت ضروری ہے۔

**حقائق:** خاندانی وعدہ غیر رسمی طور پر کیا گیا۔

(A) درست
(B) غیر قانونی
(C) باطل
(D) غیر درست

70. **اصول:** غفلت میں فرض کی خلاف ورزی شامل ہوتی ہے۔

**حقائق:** ڈاکٹر مریض کی علامات کو نظر انداز کرتا ہے۔

(A) کوئی غفلت نہیں
(B) کوئی ذمہ داری نہیں
(C) سخت ذمہ داری (Strict liability)
(D) **غفلت** (Negligence)

71. **اصول:** عوض (Consideration) حقیقی ہونا چاہیے۔

**حقائق:** جھوٹا وعدہ دیا گیا۔

(A) درست
(B) باطل
(C) غیر قانونی
(D) قابلِ نفاذ

CODE : 74

72. **اصول:** اگر نقصان متوقع ہو تو فرد غفلت کے لیے ذمہ دار ہو گا۔

**حقائق:** A ، عوامی جگہ پر گڑھا کھلا چھوڑ دیتا ہے؛ B رات میں گر جاتا ہے۔

(A) کوئی ذمہ داری نہیں (No liability)

(B) **غفلت کا ذمہ دار** (Liable for negligence)

(C) **سخت ذمہ داری** (Strict liability)

(D) **فوجداری ذمہ داری** (Criminal liability)

73. **اصول:** تجاوز (Trespass) بذاتِ خود قابلِ کارروائی ہے۔

**حقائق:** A ، بغیر نقصان کے تھوڑی دیر کے لیے B کی زمین پر چلتا ہے۔

(A) تجاوز

(B) کوئی تجاوز نہیں

(C) غفلت

(D) ایزارسانی

74. **اصول:** غفلت (Negligence) کے لیے فرضِ احتیاط (duty of care) ضروری ہے۔

**حقائق:** A ، ایک اجنبی ہے جو B کی خطرے میں مدد نہیں کرتا۔

(A) ذمہ دار ہو گا

(B) سخت ذمہ داری ہو گی

(C) ذمہ دار نہیں ہو گا

(D) مطلق ذمہ داری ہو گی

75. **اصول:** خود کا دفاع (Self-defence) فوری ہونا چاہیے۔

**حقائق:** A ، ماضی کے نقصان کے بدلے میں بعد میں B پر حملہ کرتا ہے۔

(A) درست دفاع

(B) ٹارٹ

(C) کوئی دفاع نہیں

(D) کوئی جرم نہیں

76. **اصول:** ہتکِ عزت کے لیے تیسرے فریق تک اشاعت ضروری ہے۔

**حقائق:** A ، نجی طور پر B کی توہین کرتا ہے۔

(A) ہتکِ عزت

(B) تحریری ہتکِ عزت

(C) ہتکِ عزت نہیں

(D) زبانی ہتکِ عزت

77. **اصول:** کوشش تیاری سے مختلف ہوتی ہے۔

**حقائق:** A ، اوزار خریدتا ہے لیکن آگے کچھ نہیں کرتا۔

(A) کوشش (B) جرم

(C) تیاری (D) کوئی جرم نہیں

78. **اصول:** قانون نہ جاننا کوئی دفاع نہیں ہے۔

**حقائق:** A ، لاعلمی میں قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

(A) دفاع (B) کوئی دفاع نہیں

(C) جزوی دفاع (D) دیوانی غلطی

79. **اصول:** معاہدے (Contract) کے لیے مقصد کا قانونی ہونا ضروری ہے۔

**حقائق:** A ، غیر قانونی تجارت کے لیے معاہدہ کرتا ہے۔

(A) درست (B) قابلِ فسخ

(C) باطل (D) قابلِ نفاذ

80. **اصول:** سخت ذمہ داری (Strict liability) بغیر قصور کے لاگو ہوتی ہے۔

**حقائق:** خطرناک مادہ بچ جاتا ہے اور نقصان کا سبب بنتا ہے۔

(A) غفلت (B) کوئی ذمہ داری نہیں

(C) سخت ذمہ داری (D) مطلق ذمہ داری

## منطقی استدلال (Logical Reasoning)

81. اگلا عدد معلوم کریں: 2،6،12،20،30،؟

(A) 40 (B) 42

(C) 44 (D) 46

82. اگر تمام بلیاں کتّے ہیں اور کچھ کتّے شیر ہیں، تو:

(A) تمام بلیاں شیر ہیں
(B) کچھ بلیاں شیر ہو سکتی ہیں
(C) کوئی بلی شیر نہیں ہے
(D) تمام شیر بلیاں ہیں

83. مذکورہ شکلوں میں سے مختلف کو کی نشان دہی کریں:

(A) مربع
(B) مستطیل
(C) مثلث
(D) دائرہ

84. کوڈنگ: اگر CAT = DBU ہو گا تو DOG = کیا ہو گا؟

(A) EPH
(B) EOG
(C) HPE
(D) DPH

85. اگر A > B، B > C ہو تو:

(A) A > C
(B) C > A
(C) A = C
(D) تعین نہیں کیا جا سکتا

86. غائب عدد معلوم کریں: 3، 9، 27، ؟، 243

(A) 54
(B) 81
(C) 72
(D) 108

87. **بیان:** تمام قلم پنسل ہیں۔ کچھ پنسل ربڑ ہیں۔

**نتیجہ:**

(A) تمام قلم ربڑ ہیں
(B) کچھ قلم ربڑ ہو سکتے ہیں
(C) کوئی قلم ربڑ نہیں ہے
(D) تمام ربڑ قلم ہیں

.88 اگلا حرف معلوم کریں A :،C،F،J،O،؟

(A) T (B) U

(C) V (D) W

.89 مماثلت ? : Book : Read :: Food :

(A) Eat (B) Cook

(C) Serve (D) Taste

.90 غائب عدد معلوم کریں:4،6،9،13،18،؟

(A) 22 (B) 23

(C) 24 (D) 25

.91 اگر 50 = "APPLE" ہو تو = "MANGO" کیا ہو گا؟

(A) 54 (B) 56

(C) 55 (D) 57

.92 مختلف لفظ معلوم کریں:

(A) گائے (B) بکری

(C) کتا (D) شیر

.93 اگر 24 = DAY ہو تو = NIGHT کیا ہو گا؟

(A) 40 (B) 50

(C) 60 (D) 56

.94 اگلا معلوم کریں: 1، 1، 2، 3، 5، 8، ؟

(A) 11 (B) 13

(C) 14 (D) 15

.95 کوڈنگ: PEN = 35 ہو تو INK = کیا ہو گا؟

(A) 34 (B) 35

(C) 36 (D) 37

.96 اگر "SUN" = 54، تو "MOON" = کیا ہو گا؟

(A) 60 (B) 57

(C) 62 (D) 64

.97 **بیان:** تمام گلاب پھول ہیں۔ کچھ پھول جلد مرجھا جاتے ہیں۔

**نتیجہ:**

(A) تمام گلاب مرجھاتے ہیں (B) کچھ گلاب مرجھا سکتے ہیں

(C) کوئی گلاب نہیں مرجھاتا (D) تمام پھول گلاب ہیں

.98 کوڈنگ: ABC = 6 ہو تو DEF = کیا ہو گا؟

(A) 12 (B) 15

(C) 18 (D) 21

.99 اگر 2+3=10، 3+4=21، ہو تو 4+5 = کیا ہو گا؟

(A) 30 (B) 32

(C) 36 (D) 45

CODE : 74

100. **بیان:** کچھ کتابیں رسائل ہیں۔ تمام رسائل کاغذ ہیں۔

**نتیجہ:**

(A) تمام کتابیں کاغذ ہیں

(B) کچھ کتابیں کاغذ ہیں

(C) کوئی کتاب کاغذ نہیں ہے

(D) تمام کاغذ کتابیں ہیں

***